زرعی منافع ٹرم ڈیپازٹ سرٹیفکیٹس (صرف بینک ایمپلائز کیلئے) | 4.75 فیصد سالانہ | 4.75 فیصد سالانہ

(سعد ضیاء) وائس پریذیڈنٹ (تعلقات عامہ)
فون نمبر 0322-2222220

پریس ریلیز

اسلام آباد 14 اگست 2017

جشن آزادی کے موقع پر زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) ہیڈ آفس میں پر وقار تقریب پر چم کشائی منعقد ہوئی۔ جس میں بینک کے سینئر عہدیداران اور دیگر ملازمین کے ساتھ ساتھ ملازمین کے بچوں کی کثیر تعداد نے بھی شرکت کی۔

بینک کے سیکورٹی گارڈز نے سلامی پیش کی اور قومی ترانہ پڑھا گیا۔ اس مختصر اور پر وقار تقریب میں بینک کے صدر سید طلعت محمود نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ 70 سال قبل آج کے دن ہمارے عظیم بزرگوں کی بے انتہا قربانیوں اور مسلسل جدوجہد کے باعث ہمارا پیارا ملک پاکستان معرض وجود میں آیا۔ مارچ 1940 کو قرارداد پاکستان منظور ہوئی اور سات سال بعد آج کے دن یعنی 14 اگست 1947 کو ہمارا وطن عزیز پاکستان کے نام سے دنیا کے نقشہ پر جلوہ گر ہوئی۔

انہوں نے اپنے پیغام میں مزید کہا کہ زندہ قوموں کی طرح ہم سب بھی آج کے دن اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر بجالاتے ہیں اور اپنے محسن قائداعظم کے فرمان ''کام، کام اور صرف کام'' پر عمل پیرا رہنے کا عہد کرتے ہیں۔ آج کے دن ہم سب کا دل خوشیوں سے لبریز، سینے مسرتوں سے معمور اور آنکھیں نشاط سے سرشار ہیں۔

صدر ZTBL نے ملک کی زراعت کی ترقی اور خوشحالی میں ZTBL کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بینک حکومت پاکستان کے ویژن کے مطابق زراعت کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے دن رات کام کر رہا ہے۔

(سعد ضیاء)
انچارج (تعلقات عامہ)
فون نمبر 051-9252682